MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل گوادر

چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 15 | 18 جنوری، بروز، ہفتہ 2025ء 1446ھ (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 209

محدود نشستوں پر سرکاری حج درخواستوں کی وصولی جاری

مناسک حج کی لازمی تربیت کا شیڈول پاک حج موبائل ایپ پر جاری کر دیا گیا، 18 جنوری سے حج تربیتی نشستوں کا آغاز کیا جائے گا

سرکاری حج سکیم میں 84 ہزار 620 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، تعداد مکمل ہونے پر درخواستوں کی وصولی روکنے کا اعلان کیا جائے گا، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد (آئی این پی) سرکاری حج کوٹے کے تحت محدود نشستوں پر درخواستوں کی وصولی کا عمل جاری ہے۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق سرکاری حج سکیم میں 84 ہزار 620 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، تعداد مکمل ہونے پر درخواستوں کی وصولی روکنے کا اعلان کیا جائے گا۔ مناسک حج کی لازمی تربیت کا شیڈول پاک حج موبائل ایپ پر جاری کر دیا گیا، 18 جنوری سے حج تربیتی نشستوں کا آغاز کیا جائے گا، تمام

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

امن وامان کی صورتحال بہتری کے بجائے خوف وہراس کی فضا میں تبدیل ہوتی نظر آرہی ہے، مفتی سمیع الحق

ایک شہری کو تحفظ فراہم کرنا یہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہے علاقائی بیوروکریسی خواب غفلت سے جاگ جائے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام عشرہ مبشرہ

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کیسکو کا کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش کا شیڈول جاری کر دیا

کیسکو نے اس بندش پر متاثرہ صارفین سے پیشگی معذرت کی ہے اور ان سے تعاون کی درخواست کی ہے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق، شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبوں کی تنصیب کے کام جاری ہیں۔ ان کاموں کے باعث مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی متاثر ہوگی۔ کیسکو کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق: 18 اور 19 جنوری: شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے ایئرپورٹ روڈ، پی اے ایف، واسا، بیوٹمر، داریم، چشمہ، خروٹ

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

سینیٹر جان محمد بلیدی کی صدارت پاکستان تنزانیہ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کا اہم اجلاس

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) سینیٹ میں پاکستان تنزانیہ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کا اہم اجلاس آج پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں ہوا اجلاس کی صدارت سینیٹر جان محمد بلیدی نے کی، جبکہ سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج، وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی اجلاس برائے حقوق اطفال کے تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

کوئٹہ ڈیولپمنٹ پیکج کے تحت مختلف شاہراہوں کی توسیع کا سلسلہ جاری ہے

جس سے عوام کو مزید مشکلات کا سامنا ہے۔ تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ کوئٹہ ڈیولپمنٹ پیکج عوام کی تقدیر کو بدلنے میں کامیاب نہیں ہو سکے گا

ان کے مطابق شہر کے اصل مسائل سڑکوں کی توسیع نہیں بلکہ بہتر روزگار کی فراہمی، تعلیم، صحت، بجلی، گیس اور پانی جیسی بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت میں کوئٹہ ڈیولپمنٹ پیکج کے تحت مختلف شاہراہوں کی توسیع کا عمل جاری ہے، جس میں سریاب روڈ، سبزل روڈ، زرغون روڈ، ڈبل روڈ اور ان سے ملحقہ سڑکوں کو دورویہ بنانے کے ساتھ ساتھ سڑک کے درمیان ڈیوائڈرز، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور تزئین و آرائش بھی کی جا رہی ہے پراجیکٹ ڈائریکٹر رفیق احمد نے وی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس پیکج کا آغاز 2017 میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے دور میں ہوا تھا، جب انہوں نے بلوچستان آمد کے موقع پر اس منصوبے کا اعلان کیا۔ منصوبے کے تحت شہر کی اہم شاہراہوں کی توسیع اور جدید سہولتوں کی فراہمی کا مقصد شہریوں کو بہتر سفری

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے ایرانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

نوجوان روزگار نہ ملنے پر بھیانک سفر کا فیصلہ کرتے ہیں مولانا فضل الرحمن

عوام کو ایسے جان لیوا فیصلوں کی ضرورت ہی نہ پڑے۔ متاثرہ خاندانوں کو لاشوں کی وطن واپسی سمیت درست معلومات فراہم کی جائیں

دعا ہے کہ اللہ کریم کشتی حادثہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانیوں کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ نوجوان روزگار نہ ملنے پر بھیانک سفر کا فیصلہ کرتے ہیں۔ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اسپین جانے والے تارکین وطن کی کشتی حادثہ پر ردعمل میں کہا کہ اس قسم کے حادثات میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے۔ نوجوان اپنے ملک میں مناسب روزگار کے مواقع

(بقیہ 38 ونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہارہ کہو میں پیپلز پارٹی کے رہنماء نیر بخاری سے ان کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

آن لائن کا مسئلہ کب تک حل ہوگا؟ شزا فاطمہ نے جواب دیدیا

ملک میں اس وقت انٹرنیٹ مکمل طور پر فنکشنل ہے، واٹس ایپ سمیت تمام موبائلز ایپس پوری طرح چل رہی ہیں، ملک میں تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطے میں ہیں

جبکہ رواں سال اب تک آئی ٹی گروتھ میں 28 فیصد اضافہ، 1.8 ارب ڈالر ایکسپورٹ ہوئی ہیں، سب میرین کیبل کی اپ گریڈیشن پر کام ہو رہا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت انٹرنیٹ مکمل طور پر فنکشنل ہے۔ قومی اسمبلی میں اجلاس کے دوران پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے سوال کیا کہ پاکستان میں انٹرنیٹ کا مسئلہ کب تک حل ہوگا؟ جس پر شزا فاطمہ خواجہ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ واٹس ایپ سمیت تمام موبائلز ایپس پوری طرح چل رہی ہیں۔ شزا

(بقیہ 32 ونی صفحہ 3 پر)

اسٹیبلشمنٹ اور حکومت مل کر عمران خان کا ڈرا ہوا چہرہ دیکھنا چاہتے ہیں جو قیامت تک ناممکن ہے، زرتاج گل

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما قومی اسمبلی میں چیف ویپ زرتاج گل نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور حکومت مل کر عمران خان کا ڈرا ہوا چہرہ دیکھنا چاہتے ہیں جو قیامت تک ناممکن ہے' دنیا میں عمران سے زیادہ کوئی مقبول لیڈر نہیں

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

یو اے ای نے 2 ارب ڈالر کے ڈپازٹس رول اوور کر دیے، اسٹیٹ بینک نے تصدیق کر دی

ان ڈپازٹس کی مدت رواں ماہ ختم ہونے جا رہی ہے، اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (آئی این پی) متحدہ عرب امارات نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں رکھے ہوئے اپنے دو ڈپازٹس کو ایک سال کے لئے رول اوور کر دیا۔ ڈپازٹس کی مالیت ایک ایک ارب ڈالر ہے۔ رپورٹ کے مطابق ترجمان اسٹیٹ بینک نے ڈپازٹس مزید ایک سال کے لیے رول اوور کرنے کی تصدیق کی ہے، ان ڈپازٹس کی مدت رواں ماہ ختم ہونے جا رہی ہے۔ متحدہ عرب امارات نے پاکستان کو مالی دباؤ سے بچانے اور

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

ڈی چوک احتجاج، عمر ایوب کی ضمانت میں 27 جنوری تک توسیع

انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی

اسلام آباد (آئی این پی) ڈی چوک احتجاج کے حوالے سے درج مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عمر ایوب کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی گئی۔ اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت کے ڈیوٹی جج طاہر عباس سپرا نے ڈی چوک پر احتجاج کے حوالے سے عمر ایوب پر درج مقدمات پر عبوری ضمانت کی درخواست کی سماعت کی۔ عدالت نے عمر ایوب کی عبوری ضمانت میں 27 جنوری تک توسیع

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ایران کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

امن وامان کے قیام میں مقامی آبادی کی حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں عابد مظہر

علاقہ عمائدین نے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی۔ اس موقع پر سول انتظامیہ کے حکام کی جانب سے ان منصوبوں کی جلد تکمیل کی یقین دہانی کرائی گئی

بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل اور مرغا کبزئی میں امن جرگوں کا انعقاد کیا گیا، جرگوں میں سیکیورٹی صورتحال، امن وامان اور علاقوں کیلئے ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی گئی

موسیٰ خیل (یو این اے) بلوچستان کے ضلع موسیٰ خیل اور مرغا کبزئی میں امن جرگوں کا انعقاد کیا گیا جرگوں میں آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل عابد مظہر، علاقہ مشران اور سول انتظامیہ کے حکام نے شرکت کی۔ جرگوں میں سیکیورٹی صورتحال، امن وامان اور علاقوں کیلئے ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی گئی جرگوں میں آئے ہوئے قبائلی عمائدین نے

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی کوارڈینیٹر روبینہ کورشید عالم سے فیصل آباد چیمبر آف کامرس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان آج ایک روزہ دورے پر چاغی پہنچیں گے

سابق چیئرمین سینٹ ایم پی اے چاغی صادق خان سنجرانی اور میر اعجاز خان سنجرانی کی دعوت پر وہ عوامی اجتماع سے خطاب کریگا

سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی نوکنڈی آمد پر بروز جمعہ تمام تر تیاریوں کا جائزہ لینے نوکنڈی پہنچ چکے ہیں

چاغی (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آج ایک روزہ دورے پر چاغی پہنچیں گے ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سابق چیئرمین سینٹ ایم پی اے چاغی صادق خان سنجرانی، سابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی کی دعوت پر آج بروز ہفتہ چاغی کے تحصیل نوکنڈی پہنچیں گے سابق چیئرمین سینٹ ایم پی اے چاغی صادق خان سنجرانی اور میر اعجاز خان سنجرانی

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

محمود خان اچکزئی کا پارلیمنٹ میں داخل ہوتے وقت میڈیا سے گفتگو کرنے سے گریز

اسلام آباد (آئی این پی) پشتون خواہ عوامی ملی پارٹی کے سربراہ ممبر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نئے پارلیمنٹ میں داخل ہوتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے میڈیا والوں سے گفتگو کرنے سے گریز کیا۔ ہاتھ کے اشارے سے کہا کہ انتظار کریں۔ جمعہ کے روز جب وہ پارلیمنٹ ہاس میں داخل ہو رہے تھے تو میڈیا کے نمائندوں نے ان کے قریب جا کر ملکی اور بین الاقوامی صورتحال پر گفتگو کرنے کی کوشش کی تو انہوں نے ہاتھ کے اشارے

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایف بی آر کا انفارمیشن پالیسی کے تحت ڈیٹا گورننس آفس قائم کرنے کا فیصلہ

جس کا بنیادی مقصد ڈیٹا گورننس پالیسی کے موثر نفاذ کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انفارمیشن سیکیورٹی پالیسی کے تحت ڈیٹا گورننس آفس کے قیام کا اعلان کر دیا جو ڈائریکٹوریٹ جنرل آئی ٹی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے ماتحت کام کرے گا۔ ڈیٹا گورننس اور انفارمیشن سیکیورٹی پالیسی کے تحت قائم کیے جانیوالے آفس کیلیے پہلا عہدہ چیف ڈیٹا مینجمنٹ اینڈ گورننس کے نام سے قائم کیا گیا ہے جس کا بنیادی مقصد ڈیٹا گورننس پالیسی

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

کنگرو کورٹس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں گے، صاحبزادہ حافظ احمد رضا

اسلام آباد (آئی این پی) سنی اتحاد کونسل کے مرکزی رہنما پاکستان تحریک انصاف کے اتحادی ممبر قومی اسمبلی صاحبزادہ حافظ احمد رضا نے کہا ہے کہ عمران خان کو سزا دینے سے متعلق حکومتی وزرا کو پہلے سے علم تھا' کنگرو کورٹس کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کریں

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

دونوں جماعتوں میں ایسے عناصر ہیں جو مذاکرات نہیں چاہتے، اعجاز الحق

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے رکن اعجاز الحق نے کہا ہے کہ دونوں جماعتوں میں ایسے عناصر ہیں جو نہیں چاہتے بات چیت آگے بڑھے۔ اعجاز الحق نے ایک انٹرویو میں کہا کہ

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

مشکلات حل ہونے میں تھوڑا سا وقت لگتا ہے، علی محمد خان

حکومت کی طرف سے یہ ردعمل خلاف توقع نہیں ہے

اسلام آباد (آئی این پی) رہنما تحریک انصاف علی محمد خان نے کہا ہے کہ مذاکرات کی کامیابی یا کامیابی تک جو سفر ہے اس نے نہ سہل ہونا تھا اور نہ وہ سہل ہے، اگر میں یہ کہوں کہ کوئی بہت ہی آئیڈیل ماحول، بہترین طریقے سے چل رہا ہے تو وہ بھی شاید سچ نہیں ہوگا۔ لیکن اگر ہم یہ کہیں کہ کچھ بھی نہیں اور مذاکرات ختم ہونے جا رہے ہیں یا کوئی پیش رفت نہیں ہوئی تو وہ غلط اس لیے ہوگا آپ فوری طور پر میٹیسیم ذہن میں رکھ کر اس کا

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

عمران خان کو جیل میں سہولیات؛ نظر ثانی درخواست سماعت کیلئے مقرر کرنے کی ہدایت

جیل میں ہائی پروفائل قیدی ہونے کے باوجود سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں، درخواست گزار

اسلام آباد (آئی این پی) عمران خان کو جیل میں سہولیات سے متعلق نظر ثانی درخواست کو عدالت نے سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔ بانی پی ٹی آئی کو جیل سہولیات کے حوالے سے نظر ثانی درخواست پر اعتراض دور کر دیا گیا، جس پر اسلام آباد ہائی کورٹ نے رجسٹرار آفس کے اعتراض دور کرتے ہوئے پیر کو درخواست مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے رجسٹرار آفس کے اعتراض کے ساتھ درخواست پر سماعت کی، جس میں بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل فرید چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ نے کیا چیلنج کیا ہوا ہے۔ وکیل نے بتایا کہ ہم نے اس میں ٹرائل کورٹ آرڈر چیلنج کیا ہوا ہے۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کا اعتراض دور کرتے ہوئے پیر کو درخواست سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی۔ درخواست میں مقف اختیار کیا گیا تھا کہ 10 جنوری کو اسپیشل سینٹرل عدالت کے جج شاہ رخ ارجمند نے جیل سہولیات کے حوالے سے حکم جاری کیا۔ عدالت ٹرائل کورٹ حکم کے غلط استعمال کو روکنے اور

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

سود سے پاک اسلامی بینکاری پاکستان کے مالیاتی منظرنامے میں تیزی سے جگہ بنانے لگی

کچھ عرصہ قبل تک اسلامی بینکاری کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ یہ صرف مسلمانوں کیلئے مخصوص ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان میں بینکاری کا شعبہ گزشتہ ایک دہائی سے بڑی تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے اور وہ تبدیلی سود سے پاک بینکاری یعنی اسلامی بینکاری ہے، جو پاکستان کے مالیاتی منظرنامے میں تیزی سے اپنی جگہ بنا رہی ہے، جس کا ثبوت اسلامی بینکوں کی تیزی سے ترقی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شرعی اصولوں پر مبنی اسلامک بینکنگ کے اثاثے گزشتہ مالی سال کے اختتام پر 97 کھرب روپے کی سطح پر جا پہنچے ہیں، جو مجموعی بینکنگ سیکٹر کا 18.7 فیصد ہے۔ دس سال قبل یہ تناسب 10.4 فیصد تھا۔ اسلامی بینکوں کے نیٹ ورک میں تین گنا اضافہ ہوا ہے جن کی برانچوں کی تعداد 868 سے 2 ہزار 806 پر جا پہنچی، جب کہ روایتی بینکوں کی اسلامی شاخیں 391 فیصد اضافے سے 467 سے بڑھ کر 2295 ہوگئی ہیں۔ گزشتہ ایک دہائی میں کنونشنل بینکوں کی برانچوں میں 19.9 فیصد اضافہ دیکھا گیا، جن کی تعداد 9 ہزار 649 سے 11 ہزار 577 پر پہنچ گئی ہے۔ کچھ عرصہ قبل تک اسلامی بینکاری کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ یہ صرف مسلمانوں کیلیے مخصوص ہے، لیکن اب یہ تاثر ختم ہوتا جا رہا ہے اور مسلمان تو مسلمان غیر مسلم بھی بڑی تیزی کے ساتھ اسلامی بینکاری اپنا رہے ہیں۔ اس وقت 100 سے زائد ممالک میں اسلامک بینکنگ ہو رہی ہے۔ مصر، دبئی، ابوظہبی، سعودی عرب، کویت، بحرین، پاکستان جیسے مسلم ممالک کے ساتھ برطانیہ، بھارت، تھائی لینڈ، سنگاپور سمیت بہت سے غیر مسلم ممالک میں اسلامی بینکاری ہو رہی ہے۔ اس کی وجہ شرعی اصولوں، اخلاقی طریقوں اور انصاف پر مبنی مالیاتی نظام ہے۔ جو ہر اس شخص کیلیے پرکشش ہے جو شفافیت اور سماجی انصاف پر مبنی مالیاتی نظام کا

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ملک میں شدید سردی کی لہر، کراچی میں درجہ حرارت 9 ڈگری تک گرنے کا امکان

مغربی بلوچستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں شدید سردی کی لہر جاری ہے، مغربی بلوچستان اور بالائی خیبر پختونخوا میں ہلکی بارش اور برفباری کا امکان ہے جبکہ کراچی میں سرد ہوائیں چلنے سے درجہ حرارت 9 ڈگری سینٹی گریڈ تک گرنے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق بالائی علاقوں میں برفباری کے ساتھ بادل بھی برسے، کہیں بارش اور کہیں برفباری کے جلوے تو کہیں دھند کے ڈیرے ہیں جبکہ مری میں ایک انچ تک برف پڑ چکی ہے۔ ایبٹ آباد، گلیات، سوات اور مینگورہ سمیت بالائی علاقوں میں بارش اور برفباری سے سردی بڑھ گئی، سب سے زیادہ سردی لیہہ میں منفی 11 کی پڑی، اس کے علاوہ راولاکوٹ، کوٹلی اور

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

محکمہ تعلیم بلوچستان بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیاں

تربت کے آرڈر منسوخ اور دوبارہ بھرتی کا امکان ہے، کرپشن اور جعلی اسناد کی بنیاد پر آرڈرز جاری کرنے کے الزامات پر صوبائی سطح پر تحقیقات جاری ہے

اوپن کورٹ سے ثابت ہوا ہے 90 فیصد بوگس بھرتیاں کی گئی ہیں اسلئے لسٹ درستگی سے شفافیت ممکن نہیں از سر نو بھرتی کا عمل شروع کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ تعلیم بلوچستان تربت میں بھرتیوں میں مبینہ بے ضابطگیاں، کرپشن اور جعلی اسناد کی بنیاد پر آرڈرز جاری کرنے کے الزامات پر صوبائی سطح پر تحقیقات جاری، تربت کے آرڈر منسوخ اور دوبارہ بھرتی کا امکان۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم ضلع کیچ کے ٹیچرز کی خالی آسامیوں پر عارضی بھرتی کے عمل میں بے ضابطگی اور غیر شفافیت کے شکایات پر وزیر اعلیٰ

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

عمران خان کو سزا دے کر یہ حکم صادر کیا گیا ہے کہ جو شخص ابو کی بات نہیں مانے گا اس کو سزا ہوگی' اسد قیصر

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما سابق سپیکر اسد قیصر نے کہا ہے کہ عمران خان کو سزا دے کر یہ حکم صادر کیا گیا ہے کہ جو شخص ابو کی بات نہیں مانے گا اس کو سزا ہوگی' عمران خان کبھی بھی سر کو نہیں جھکائے گا' عمران خان کی سزا کے خلاف ملک پر احتجاجی تحریک چلائیں گے وکلا تاجروں اور عوام سے رابطہ کریں گے۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کا نظام ڈی ریل ہو چکا ہے۔ حکمران اتحاد بے نقاب ہو چکا ہے۔ ملک کے اندر اسٹیبلشمنٹ کی حکومت چل رہی ہے۔ جاتے ہیں جو مذاکرات ہو رہے ہیں اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں کے پاس طاقت ہے وہ ہی مذاکرات کریں گے۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے کہا کہ تاریخ انصاف کے لوگ

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

عمرہ ویزے کی آڑ میں انسانی اسمگلنگ کا منصوبہ ناکام، 16 سالہ بچے سمیت 5 مسافر آف لوڈ

ملزمان نے سعودی عرب سے لیبیا اور بعد ازاں سمندر کے راستے اٹلی جانے کی کوشش کرنی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے امیگریشن نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی کرتے ہوئے عمرہ ویزے کی آڑ میں

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر عمران خان کو 14 سال کی قید کی سزا سنانے کے بعد میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ڈی جی لیویز کا ڈرائیور پر مبینہ تشدد، کانسٹیبل دو لیویز اہلکار معطل

لیویز ایک کمیونٹی فورس ہے جو اپنی سماج کا دفاع کرتا ہے۔ فرائض میں غفلت اور کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی سی کیچ

لیویز کے جوان شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور خدمات کی فراہمی کے دوران بہترین پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا استعمال کریں

کوئٹہ (یو این اے) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار مگسی نے گزشتہ روز کیچ کے قریب ہوشاب میں لیویز اہلکاروں کا ڈرائیور پر مبینہ تشدد کے واقع کا فوری نوٹس لیکر ڈپٹی کمشنر کیچ سے واقعے کی انکوائری رپورٹ طلب کر لی، قبل ازیں ڈپٹی کمشنر کیچ نے ڈرائیور پر مبینہ تشدد میں ملوث سربازی لیویز چیک کے دو لیویز ملازمین دفعدار ارشاد احمد اور سپاہی محمد یونس کو معطل کر دیا

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

ملک کا سارا نظام اور عدلیہ کرپٹ، عمران کبھی بھی جھکنے اور ڈیل کرنے والا نہیں ہے، ثناء اللہ مستی خیل

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی ثناء اللہ مستی خیل نے کہا ہے کہ ملک کا سارا نظام اور عدلیہ کرپٹ ہے' اسٹیبلشمنٹ بے نقاب ہو چکی ہے' عمران کبھی بھی جھکنے اور ڈیل کرنے والا نہیں ہے۔ وہ پارلیمنٹ ہاس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 17 جنوری کا دن پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے۔ سابق وزیراعظم نواز شریف کے بیٹے حسن نواز نے 9 ارب کا فلیٹ 18 ارب میں خریدا تھا یہ پاکستان سے پیسہ بیرون ملک کیسے منتقل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم کے بیٹے کو سزا ہونی چاہیے تھی مگر جو شخص القادر یونیورسٹی بنا رہا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طالب علموں کو پڑھانا چاہتا ہے اسے سزا دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

حکومت 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری کے بعد اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، نزہت صادق

کسی کی دھمکی میں نہیں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا جمہوری نظام احسن طریقے سے چل رہا ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ نون کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی نزہت صادق نے کہا ہے کہ حکومت 26 ویں آئینی ترمیم کی منظوری

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے بنگلہ دیشی ہم منصب ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی اداروں کا انضمام اور تحلیل

وفاقی کابینہ نے ادارہ جاتی اصلاحات کمیٹی کی سفارشات پر 82 محکمے تحلیل کر کے انہیں چھ وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کے ماتحت کام کرنے والے 40 اداروں میں ضم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے نئی گاڑیوں، مشینری، نئی بھرتیوں اور سرکاری خرچ پر غیر ملکی دورے کرنے پر پابندی کے علاوہ کفایت شعاری کی پالیسی اپنانے کی باضابطہ منظوری بھی دے دی ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ادارہ جاتی اصلاحات ترجیحی بنیادوں پر کی جا رہی ہیں اور مذکورہ محکموں کے انضمام یا ختم ہونے سے متاثر ہونے والے ملازمین کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزیراعظم نے بتایا کہ ملک کے حکومتی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بین الاقوامی طرز پر ترقی دینے کے لئے شفاف بنیادوں پر ڈیجیٹلائزیشن، سمارٹ مینجمنٹ اور انٹیلیجنٹ گورننس کے ماڈل منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرانے کے ساتھ ساتھ عام آدمی کو سہولیات فراہم کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے متعلقہ کمیٹی کی سفارشات پیش کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں چھ وزارتوں میں ان سفارشات کا اطلاق شروع ہو چکا ہے جس کے نتیجے میں مذکورہ اداروں کی کارکردگی میں بہتری آ گئی، انسانی سرمایہ کا بہترین استعمال ممکن ہو سکے گا، ساتھ ہی ساتھ پالیسی سازی اور فیصلوں کے نفاذ میں غیر ضروری تاخیر بھی خاتمہ ہوگا۔ وزیر خزانہ نے اجلاس کو بتایا کہ ان 82 اداروں کو ڈیجیٹلائزیشن، سمارٹ مینجمنٹ، موثر حکمرانی اور شفافیت کے ذریعے مضبوط اداروں میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ عام آدمی کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اصلاحاتی کمیٹی نے قریباً ڈیڑھ لاکھ خالی آسامیاں ختم کرنے کے علاوہ صفائی اور جینٹیلز یوٹیلٹی خدمات جیسے غیر بنیادی کاموں کو ٹھیکے پر دینے کی تجاویز بھی دی ہیں جو گڈ گیا ہے 16 کے مختلف عہدوں کے مرحلہ وار خاتمے کا باعث بنیں گی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزیراعظم کو اس کفایت شعاری پالیسی کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی جو مسلم لیگ (ن) کے سابق دور میں متعارف کرائی گئی تھیں۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ ان اقدامات کے نفاذ کے لئے وفاقی اور صوبائی قوانین میں تبدیلیوں کے ذریعے قانون سازی کا عمل فوری طور پر شروع ہو گا کیونکہ ان میں سے کئی ادارے قانون سازی کے ذریعے بنائے گئے تھے۔ کابینہ نے یہ سفارشات بھی پیش کیں کہ وفاقی یونیورسٹیاں اور ہسپتال پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت کارپوریٹ بورڈز کے ذریعے چلائے جائیں تاکہ انہیں نہ صرف منافع بخش بنایا جا سکے بلکہ وہ نجی اداروں کا مقابلہ بھی کر سکیں۔ اس عمل کے دوران وفاقی یونیورسٹیوں اور ہسپتالوں میں عملے کی تقرری پر مکمل پابندی ہوگی۔ اس کے علاوہ بھی وفاقی حکومت میں گریڈ ایک سے 16 کے ملازمین کی بھرتی پر پابندی عائد کی جائے گی تاکہ انہیں خالی ہونے پر بتدریج ختم کیا جا سکے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ آفیسر کیڈر کو مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹولز کو اپنانا پڑے گا تاکہ ان کی معاون عملے پر انحصار کم ہو سکے۔ دنیا بھر میں عوام کی فلاح و بہبود کے لئے حکومتیں کفایت شعاری کو ترجیح دیتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ٹیکنالوجی کی مدد سے اپنے آپ کو اپ گریڈ بھی کرتی ہیں تاکہ کم وسائل میں بہتر کام کیا جا سکے۔ ترقی یافتہ ممالک نے جدید ٹیکنالوجی سے ہی کے ذریعے عوامی خدمت کی فراہمی کو بہتر اور شفافیت کو یقینی بنایا ہے، اسی سے ان ممالک میں موثر گورننس کا نظام قائم ہوا، وہاں ڈیجیٹل لائزیشن کے ذریعے لائسنس، پرمٹ اور ٹیکٹیک کے اجرا سمیت دیگر معمول کے سینکڑوں انتظامی امور کو خود کار بنا دیا گیا ہے۔ امریکہ، یورپ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے بعد گزشتہ چند سالوں میں دبئی بھی ڈیجیٹلائز ہو گیا ہے، وہاں درجنوں محکمے خود کار طریقے سے کام کرتے ہیں، زیادہ تر حکومتی سہولیات آن لائن ہیں جن میں انسانی دخل عمل انتہائی کم ہے۔ ایسٹونیا نے تو دنیا بھر کے لیے اسی۔ ریڈیئس پروگرام شروع کر دیا ہے جس کے تحت کسی بھی ملک کا شہری وہاں جسمانی طور پر موجود ہونے کے بجائے ایسٹونیا میں نصرف آن لائن کاروبار قائم کر سکتا ہے بلکہ دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھ کر اسے چلا سکتا ہے۔ ہمسایہ ملک بھارت نے ''آدھار'' (ایک ڈیجیٹل شناخت) پروگرام کے ذریعے ہر شہری کو ایک منفرد شناختی نمبر فراہم کر کے حکومتی خدمات تک رسائی کو بہتر اور تیز تر بنا دیا ہے۔ ڈیجیٹلائزیشن اور سمارٹ نظام متعارف کرانا حکومت کا اچھا اقدام ہے، اس سے حکومتی اخراجات اور اداروں کا بوجھ کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ منصوبوں کی کڑی نگرانی کے علاوہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے اس کے ذریعے کیے گئے لین دین کا شفاف آڈٹ انتہائی آسان ہوتا ہے۔ سنگاپور نے بھی اسی حکومت کے ذریعے حکومتی نظام کو شفاف بنایا اور آج اس کا شمار دنیا کے کامیاب ترین اور ترقی یافتہ اقوام کی فہرست میں ہوتا ہے۔ چین کے شہر ہارسلونا نے سمارٹ سینسرز اور ڈیٹا اینلیٹکس کا استعمال کرتے ہوئے نہ صرف ٹریفک کا بہاؤ منظم کیا بلکہ توانائی کی کھپت کو بھی کم کیا۔ ڈیجیٹل نظام کے تحت شہریوں کو حکومتی خدمات کی 24 گھنٹے رسائی دی جا سکتی ہے، کاغذی پیچ کی جا سکتی ہے، جنوبی کوریا نے ڈیجیٹل حکومت کے اقدام کے تحت کاغذ اور دیگر سرسز کی ضرورت کم کر کے اربوں ڈالر کی بچت کی۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے دو ڈیٹا اکٹھا کیا جا سکتا ہے جن کے ذریعے ملک کے لئے درست پالیسی اور صحیح سمیت کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان نے حال ہی میں وزارت پلاننگ، ڈویلپمنٹ اینڈ سپیشل انیشی ایٹو کی کوششوں سے ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری مکمل کی جس سے کئی حقائق سامنے آئے، ادارہ شماریات پاکستان کے پاس ایسا ڈیٹا اکٹھا ہو چکا ہے جس سے ملک کے لگ بھگ ہر سیکٹر کی پالیسی سازی میں خاصی مدد لی جا سکتی ہے۔ دنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک نے اپنے اپنے ادارہ شماریات کی اعانت سے بہترین فیصلے کیے۔ اس جدید دور میں ٹیکنالوجی کے بغیر آگے بڑھنا قریباً ناممکن ہے، موجودہ حکومت کی طرف سے اداروں کو ڈیجیٹلائز کرنے اور سمارٹ حکومت کے تحت ملک چلانے کی سوچ اور اقدامات اب ایسے بھی ضروری ہیں ملک اس وقت معاشی بحران سے گزر رہا ہے، ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے لئے خرچوں میں کمی اور آمدن بڑھانا لازم ہے۔ کفایت شعاری ترقی کی کنجی ہے اور اس کا آغاز اپنے گھر سے ہونا چاہیے، یعنی حکومتی اہلکاروں کو اپنے اخراجات کم کرنے چاہئے پھر کسی اور طرف دیکھنا چاہئے۔ حکومت جن محکموں کو ختم کرنے جا رہی ہے، اس کے لئے مناسب حکمت عملی اختیار کرے، اس عمل کے دوران متاثر ہونے والے ملازمین کے حقوق کا خیال رکھے اور انہیں کسی دوسری جگہ ملازمت دی جائے۔ ان اداروں کو ختم کرنے کے بعد نئے سرے سے دوسرے محکمے بنانے کا آغاز نہ ہو جائے۔ ارباب اختیار کو انتہائی سوچ سمجھ کر طویل المدتی پالیسیاں ترتیب دینے کی ضرورت ہے تاکہ آنے والی نسلیں اس سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔

جامعہ تربت کے وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن اور اساتذہ کی جانب سے ڈاکٹر ادی کے ریاض بلوچ کی ایجاد پر اظہار تعزیت

تربت (آئی این پی) جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے یونیورسٹی کے ایجوکیشن، انتظامی عملے اور طلباء کی جانب سے ممتاز معالج، ماہر قلعہ، سابق وفاقی وزیر اور بلوچستان یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر ڈاکٹر ادی کے ریاض بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر گل حسن جیلہ بلوچستان کے معروف و انتہائی حقوق مرحوم ڈاکٹر ادی کے ریاض بلوچ کی طب تعلیم اور عوامی خدمات کے شعبوں میں نمایاں خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمارے عام سے گھروں کے چولہے ان کی انتھک کاوشیں اور ایک باہر تعلیم اور مستقل طور پر ان کی بصیرت اور خدمات شہادت یاد کرتی جا ئیں گی۔ وائس چانسلر نے غمزدہ خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے خاندان کو اس کا انتہائی حوافی نقصان کو برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ انہوں جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے

صحابہ کرام اور اولیاء کرام کے تعلیمات اور زندگی ہمارے لیے مشعل راہ ہیں: ذوالفقار طارق

کوئٹہ (آئی این پی) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے ہفتہ وار دعوتی شریف سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہر طرف دین اسلام کے خلاف بیہود و نصاریٰ قادیانیت سیکولرازم دین کو بدنام نام کرنے کے لیے سازشوں میں مصروف عمل ہے ان کی سازشوں کو دیکھتے ہوئے اب وقت کی ضرورت ہے کہ ہم صحابہ کرام اور صوفیاء کرام اولیاء کرام کی تعلیمات اور ان کی زندگی کو عام کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں صحابہ کرام صوفیاء کرام نے ہمیشہ بے لوث دین کی خدمت کی اور فرقہ واریت سے پاک ہو کر دین کے پیغام کو عام کرنے میں بہت بڑی جدوجہد کی ایسے عوام کو سیاسی لوگوں اور رہنمائوں نے دلگل کر جو صحابہ کرام اور اولیاء کرام کی طرز زندگی کرنا چاہتے ہیں انہی کو پھوٹ کریں اور انہی کو ووٹ دیں تو کامیاب کریں تا کہ ملک میں نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نافذ ہو فادر پستی موقع پرستی کو چھوڑ کر ایک دوسرے سے ملنا اور خدمت خلق کرنا اللہ کی رضا کے لیے کرنا چاہیے جب تک ہم اگر مطلوب سے نہیں ملیں گے تب تک ہمارا ملک قوم اور ہم خورتری کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتے ہم خود کو بڑے نمازیں حامی پرہیز گار متقی تو کہلاتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی احکامات کو نظر انداز کر دیتے ہیں اس لیے آج ہم مختلف فرقے اور جمعیتوں میں گھرے ہوئے ہیں ہم مہنگائی کا طوفان ہر

کوئٹہ سریاب روڈ پر انسداد تجاوزات کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) ماریہ شمعون نے عوامی شکایات کی بنیاد پر میٹرو پولیس عملے، اہلکاروں اور پولیس کے ہمراہ سریاب روڈ پر انسداد تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ اس دوران سرک پر جھوپڑیاں اور دکانوں کے سامنے تھڑے بنائے گئے تھے، جس کے دوران سریاب روڈ کی روانی میں شدید مشکلات پیش آ رہی تھی۔ آپریشن کے دوران 6 تھانوں کو گرفتار کر کے چیک بیچ دیا گیا، جبکہ عملی انتظامیہ اور میٹرو پولیس نے مزدوروں اور مشینری کے ذریعے تمام جھوپڑیوں اور تھڑوں کو مسمار کر دیا۔ سرک پر گاڑیاں کھڑی کر کے پارکنگ بنانے والوں کو بھی سخت وارننگ دی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر سریاب نے کہا کہ سریاب روڈ پر کسی قسم کی تجاوزات کی گنجائش نہیں ہے اور جو بھی دکاندار سرک پر تجاوز کرے گا اس کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی۔ کوئٹہ کے چیل چوک سے مزدوروں اور مشینری کے ذریعے تمام جھوپڑیوں اور تھڑوں کو مسمار کر دیا۔

تمپ مہنگ ندی میں فائرنگ، اغوا کے بعد ایک شخص قتل گوادر میں نامعلوم مسلح افراد کی کارروائی، علاقہ سوگوار

تربت (یو این اے) تمپ کے علاقے گوادری میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ایک شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ مقتول کی شناخت بیگ محمد عرف بنگل ولد حسن سکنہ گوادری کے نام سے ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کی شام نامعلوم مسلح افراد نے بیگ محمد کو گوادری سے اغوا کیا تھا۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ بیگ محمد کو نیگ ندی کے قریب لے جا کر فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا، جس سے وہ موقع پر ہی جان بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے، جبکہ مقتول کے اہل خانہ اور مقامی افراد نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ مقامی انتظامیہ نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ تمپ کے علاقے گوادری میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ایک شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ مقتول کی شناخت بیگ محمد عرف بنگل ولد حسن سکنہ گوادری کے نام سے

ژوب میں ایف بی پی بلوچستان کے زیر انتظام انڈر 16 بلٹان ٹورنامنٹ کا انعقاد

سنسنی خیز مقابلے کے بعد بلیو ٹائیگرز نے ایلیون سٹار کو ہرا کر فائنل ٹیج جیت لیا

ژوب (یو این اے) ایلیون سٹار اور بلیوٹائیگرز کے مابین کھیلا گیا جنگ سنسنی خیز مقابلے کے بعد بلیوٹائیگرز نے بیت لیاقوشہ کے ضلع ژوب میں ایف بی پی بلوچستان (تارخ) کے زیر انتظام انڈر 16 انٹیلی ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا ٹورنامنٹ، بلوچستان فلیول ایسوسی ایشن کے اشتراک سے منعقد کیا گیا جنگ فرائنل جنگ

بقیہ 1

سے ہوں یا بلکہ ڈور سے، یہ کامیاب ہونے چاہئیں، سال 2025 تبدیلی کا سال ہے پانی ڈی ٹی آئی اس سال باہر آجائیں گے۔

بقیہ 2

ملیٹر شدید متاثر ہوا ہے، کیونکہ وہاں اسپتالوں میں مریضوں کا علاج کرانے کی سکت نہیں رکھتے۔ گریڈ ایلیٹ انیکس نے واضح کیا ہے کہ ان کے مطالبات تسلیم کیے جانے تک ہڑتال جاری رہے گی۔ انہوں کا کہنا ہے کہ ہمارے کیمپ کے مطالبات کے لیے کسی بھی حد تک جائیں گے، اور حکومت کو فوری طور پر ان کے مسائل حل کرنے چاہئیں۔ دوسری طرف، محکمہ صحت بلوچستان نے ہڑتالی ڈاکٹروں اور طبی عملے کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 3

عازمین حج کو ایم آر ایم ویسٹشر میں تربیت حاصل کرنا لازمی ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ سمندر پار پاکستانی حج پروازے قبل حاجی کیمپ سے تربیت حاصل کریں گے، عازمین حج اپنی نزدیکی تحصیل میں جاری حج تربیت میں شامل ہوں، رہنمائی کے لیے حج ہیلپ لائن یا متعلقہ حاجی کیمپ سے رابطہ کریں۔

بقیہ 4

سیوٹ فراہم کرنا ہے۔ رفیق احمد نے مزید بتایا کہ منصوبے کے لیکھوت کی جانب سے 32 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں اور اس وقت تک بجٹ کا 90 فیصد استعمال کیا جا چکا ہے۔ پراجیکٹ کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پراجیکٹ بلوچستان کی تقدیر بدل دے گا تاہم سوشل میڈیا پر کچھ عناصر اس منصوبے کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کوئٹہ کے شہریوں نے اس منصوبے کے بارے میں طے شدہ شرائط کا اظہار کیا ہے۔ شہری انہوں نے دی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ پراجیکٹ سے کئی اہم شاہراہیں دوبارہ بہ بحری ہیں، تاہم اس پراجیکٹ کی کوئی بھی الاقوامی معیاری نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اعلیٰ سطح کی بنائی گئی سڑکیں کناروں سے اکھڑنا شروع ہو گئی ہیں، جس سے عوام کو مزید مشکلات کا سامنا ہے۔ گیبر کوئٹہ کا مانک کے کوئٹہ ڈیولپمنٹ سٹیج عوام کی تقدیر کو بدلنے میں کامیاب نہیں ہوسکے گا۔ ان کے مطابق شہر کے اصل مسائل سڑکوں کی توسیع نہیں بلکہ بہتر روزگار کی فراہمی، تعلیم، صحت، بجلی، گیس اور پانی جیسی بنیادی سہولتوں کی فراہمی ہے۔

بقیہ 5

یونٹ اختر آباد کے ایمرجنسی صحتی مجلس لاق نے گزشتہ رات عین اختر آباد کے مقام پر پانی کی ٹنکی کو نشانہ بنایا گیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتری کے بجائے خوف کی فضا میں تبدیل ہو چکی تھی۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں بلوچستان کے اکثر

ڈاکٹرز اور طبی عملے کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی، بجٹ کٹ

ڈاکٹرز اور طبی عملے کے جائز مطالبات ضرور حل کریں گے، اسپتال میں ایمرجنسی سروسز کو بند کرنے پر ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

کوئی مریض باہر سے ادویات نہیں خریدے گا کوئی بھی مریض کو باہر سے ادویات لانے کا کہے گا اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ نے کہا ہے کہ ہڑتال کرنے والے ڈاکٹرز اور طبی عملے کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اسپتال میں اوپی ڈیز سمیت کسی ایمرجنسی سروسز کو بند کرنے پر ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی بائیکوٹ کے بھی واضح احکامات ہیں ڈاکٹرز اور طبی عملہ ہڑتال نہیں کرسکتا ڈاکٹرز اور طبی عملے کے جائز مطالبات ضرور حل کریں گے

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

سارہ شریف قتل کیس، عرقیدہ بخشنے والے والدین کی سزا کیخلاف اپیل دائر

لندن (آئی این پی) برطانیہ میں اپنی 10 سالہ بیٹی سارہ شریف کے قتل کے جرم میں عرقیدہ بخشنے والے والدین کی سزا کے خلاف اپیل دائر کردی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرحان شریف اور نیشل بتول کی اپیلوں کی سماعت کے لیے اپیل تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سارہ شریف قتل کیس میں متعول بنی کے والد فرحان شریف کو عمر اذکم 40 برس اور

(بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

مہنگائی بڑھنے کی شرح مزید کم ہوکر 1.16 فیصد کی سطح پر آگئی

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں مہنگائی بڑھنے کی شرح مزید کم ہوکر 1.16 فیصد کی سطح پر آگئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں مزید کمی ہوئی، مہنگائی بڑھنے کی شرح میں ہفتہ وار بنیادوں پر اعشاریہ 39 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 21 اشیاء سستی، 10 کی قیمتوں میں بے ہوئی، ایک ہفتے کے دوران کسی فی درجن 3 روپے 89 پیسے مہنگے ہوئے، ارحمال گھوگی کا ٹن 16 روپے زائد مہنگا ہوا۔ ایک ہفتے کے دوران بجانے کی لکڑی 13 روپے 14 پیسے من مہنگی، پیٹرولیم مصنوعات بیٹری، دالیں، گڑ بھی مہنگی ہوئی والی اشیا میں شامل ہیں۔ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر فی کلو 27 روپے 75 پیسے ہوئے، کٹرشتہ ہفتے کے دوران ایک ہفتے کے دوران زندہ مرغی فی کلو 9 روپے 87 پیسے سستی ہوئی۔ کٹرشتہ ہفتے کے دوران پیاز فی کلو 13 روپے 44 پیسے سستے ہوئے، ایل پی جی، دال ماش، بجرن اور انڈے بھی سستی ہوئی والی اشیا میں شامل۔ چاول، آٹا، روٹی، تازہ دودھ سمیت 20 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق ادوا کے کے دوران کسی فی درجن 3 روپے 89 پیسے مہنگے ہوئے، ارحمال گھوگی کا ٹن 16 روپے سے زائد مہنگا ہوا۔ ایک ہفتے کے دوران

(بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

حکومت اور پی ٹی آئی والے دونوں چاہتے ہیں پانی پی ٹی آئی جیل میں رہیں، فیصل وادوا

اسلام آباد (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم فیصل وادوا کہا ہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی والے دونوں چاہتے ہیں پانی پی ٹی آئی جیل میں رہیں، اعلیٰ عدلیہ میں جلد ہی جاری فیصلہ ختم نہیں ہوگا، بانی کو اندر رکھنے والے آئے دن کوئی نہ کوئی بہانہ ڈھونڈ ہی لیتے ہیں، ایسا دیکھ کر ہی ہمیں یہ خدشات ہیں کہ بانی پی ٹی آئی اس دہرائے پر کھڑے ہوگئے، آج سے عدالت کرت

(بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

گندا نہ میں ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں نوجوان جاں بحق

گندا نہ (یو این اے) گندا نہ میں ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں نوجوان جاں بحق ہوگیا گندا نہ کے قریب جان جانی موڑ کے مقام پر ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں کوٹھو سکھیو جانی جمالی کے رہائشی پندرہ سالہ نوجوان شاہ داد فوت ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق کراٹش کو پوسٹ مارٹم کیلئے سول ہسپتال میں منتقل کردیا جبکہ ڈرائیور کو فرار کر کے ٹریکٹر کو ایک جگہ چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ ٹریکٹر کو قبضہ میں لے لیا گندا نہ میں نوجوان جاں بحق ہوگیا گندا نہ کے قریب جان جانی موڑ کے مقام پر ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں کوٹھو سکھیو جانی جمالی کے رہائشی پندرہ سالہ نوجوان شاہ داد فوت